DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 24.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | وزیراعلیٰ نے مویشیوں میں لمپی سکن سے نمٹنے کے لیے 150 ملین کی فوری منظوری دے دی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بجٹ میں مالی نظم وضبط اور عوامی ضروریات اولین ترجیح، شعیب نوشیروانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے خصوصی انتظامات ناگزیر ہیں، میر لیاقت لہڑی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | قومی سلامتی کے لیے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی خدمات باعث فخر ہیں، مینا مجید۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بنیق کوئٹہ میں کڈنی ٹرانسپلانٹ کا سلسلہ دوبارہ شروع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، عطاء تارڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن سبزل روڈ پر گندے پانی سے کاشت سبزیاں تلف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | 26 مئی سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کو باہمی تعاون سے کامیاب بنائیں گے، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | سینیٹر دھنیش کمار کا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بولان میڈیکل یونیورسٹی اف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کا علامیہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بھارت خضدار حملہ قابل مذمت دنیا پاکستان کا ساتھ دے سلامتی کونسل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بھارت خضدار حملے میں ملوث ہے، ڈی جی آئی ایس پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | خضدار حملہ قابل مذمت دنیا پاکستان کا ساتھ دے سلامتی کونسل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | غیر نمائندہ حکومت سیاسی عدم استحکام میں اضافہ کر رہی ہے، نیشنل پارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | 25 مئی کو کوئٹہ میں یوتھ جرگہ منعقد کیا جائے گا، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | کوئٹہ کے شہری پانی اور بجلی کی سہولت سے محروم ہیں، جمیعت نظریاتی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | عوامی مفاد کے لیے قانون سازی کر رہے ہیں، آغا عمر احمد زئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | مسائل اولین ترجیحات میں شامل کر کے حل کریں گے، علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | شہری بجلی لوڈ شیڈنگ سے تنگ پانی کی قلت سے دوچار ہے، قاری مہر اللہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

اوستہ محمد پولیس نے روپوش قاتل گرفتار کرلیا، تربت لیویز کی کارروائیوں میں 549 کلوگرام سے زائد چرس برآمد۔

## عوامی مسائل:

شہری سے سہولیات کی ابتری کے پیش نظر فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں اہلیان نواں کلی، مستونگ نادرا جانشینی سرٹیفکیٹ کے حصول میں عوام کو مشکلات کا سامنا۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 24.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے" **صوبوں کی طرف 161 ارب روپے کے بجلی واجبات این ایف سی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز، بلوچستان پر مالی بوجھ نہ بڑھایا جائے!!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے ملک کے چھوٹے صوبوں خاص کر بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کا بجٹ بہت کم ہے جبکہ دیگر صوبوں کو اپنے وسائل سے محاصل کے ساتھ بجٹ میں بھی ان کے لیے بڑی رقم ہوتی ہے۔ بلوچستان کا بجٹ بمشکل پنجاب کے چند اضلاع کے ترقیاتی بجٹ کے برابر ہے حالانکہ بلوچستان میں بڑے منصوبے چل رہے ہیں، ہوئی گیس میں اچھا خاصا منافع ہورہا ہے، سی پیک جیسے بڑے منصوبے کی وجہ سے چین بڑی سرمایہ کاری کررہا ہے بلوچستان سے اربوں روپے کمائے جارہے ہیں مگر بلوچستان کو اس کا جائز حق نہیں دیا جاتا۔ اب صوبوں کی طرف 161 ارب روپے کے بجلی واجبات این ایف سی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز پر غور کیا جارہا ہے شاید دیگر صوبے اس مالی بوجھ کو برداشت کرسکیں مگر بلوچستان نہیں۔ گزشتہ روز سینیٹر محسن عزیز کی زیرصدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پاور کے اجلاس میں صوبوں کی طرف بجلی واجبات قومی مالیاتی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ ایڈیشنل سیکریٹری پاور ڈویژن نے کہا کہ سی سی آئی نے مالیاتی کمیشن سے صوبوں کے بجلی بقایا جات کٹوتی کی منظوری دی وزارت خزانہ پاورڈویژن نے صوبوں کے ساتھ اس کا طریقہ کار بنالیا ہے، اس مد میں صوبوں سے 161 ارب روپے کی وصولی کرنی ہے، صوبوں نے 31 مارچ تک 161 ارب روپے کے واجبات ادا ادا کرنے ہیں۔ حکام پاور ڈویژن نے کہا کہ سندھ نے 68 ارب روپے، پنجاب نے 42 ارب روپے ادا کرنے ہیں، بلوچستان نے 41 ارب روپے، خیبر پختونخوا نے 10 ارب روپے ادا کرنے ہیں، پنجاب کے علاوہ باقی صوبوں سے وصولی میں مشکلات ہیں، یہ گزشتہ تین سال کے واجبات ہیں، پنجاب کے علاوہ باقی صوبوں نے واجبات کی تصدیق کا عمل 2 سال سے روک رکھا ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے سوال کیا کہ جب صوبے واجبات کو ری کنسائل نہیں کررہے تو تسلیم کون کرے گا؟ جس کے جواب میں حکام پاورڈویژن نے کہا کہ یہ واجبات متعلقہ ڈسکوز کی طرف سے تسلیم شدہ ہیں۔ وزیرتوانائی اویس لغاری نے کہا کہ واجبات کی 25 فیصد ایٹ سورس کٹوتی کی اجازت مشترکہ مفادات کونسل نے دی ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ "**کور کمانڈرز کانفرنس کا اعلامیہ!** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ "Youth friendly budget" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ "**پٹ فیڈر کینال کے ڈی سلٹنگ منصوبہ کی تکمیل** "کے عنوان سے عبدالرازاق بنگلزئی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1　　　　Page No. 1


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

فون 2841993-2842016-2841073

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 ہفتہ 26 ذیقعد 1446ھ 24 مئی 2025ء نمبر 142


## لمپی اسکن کے خاتمے کیلئے 150 ملین روپے منظور

# لائیو اسٹاک شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

**وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، گوشت کی برآمدات بڑھانے اور حفاظتی اقدامات کو موثر بنانے کی ہدایت، سردار زادہ فیصل جمالی سمیت اعلیٰ حکام کی شرکت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہاہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس کی بہتری کے لیے جامع اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بات محکمہ امور حیوانات کی کارکردگی اور لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ نے جانوروں میں پھیلنے والی لمپی اسکن بیماری کی فوری روک تھام کے لیے 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ فوری فنڈز فراہم کیے جاسکیں سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ لمپی اسکن مویشیوں کی بین الاضلاعی نقل وحرکت سے پھیلتی ہے، جس کی روک تھام کے لیے بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں حفاظتی کیمپس قائم کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ اسے بین الاقوامی منڈیوں بالخصوص مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جاسکے انہوں نے بیماریوں سے بچاؤ کے لیے قربانی کے جانوروں کی منڈیوں میں بروقت اسپرے کرنے کی بھی تاکید کیا جلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی اور دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ثنا اللہ بلوچ کا خصوصی انٹرویو آج "جرگہ" میں نشر کیا جائیگا

کراچی (جنگ نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ثنا اللہ بلوچ کا خصوصی انٹرویو ہفتے کو "جیو نیوز" کے پروگرام "جرگہ" میں نشر ہوگا۔ بلوچستان میں دہشت گردی کی حالیہ لہر کے پیچھے کون ہے، فتنہ الہند کے خلاف کیا کارروائی ہونے جا رہی ہے، دہشت گردوں کے سیاسی سہولت کار کون ہیں، کیا احساس محرومی کے نام پر مسلح جدوجہد کی کوئی منطق ہے؟۔ ان تمام موضوعات پر پروگرام میں تفصیلی گفتگو ہوگی۔ سینئر صحافی و تجزیہ کار سلیم صافی کی میزبانی میں "جرگہ" رات 10 بجکر 5 منٹ پر نشر ہوگا۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 26 ذیقعدہ 1446ھ 24 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 326

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# وزیراعلیٰ نے مویشیوں میں لمپی سکن سے نمٹنے کیلئے 150 ملین کی فوری منظوری دیدی

## جانوروں میں لمپی اسکن کی بڑی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت، محکمہ امور حیوانات حفاظتی کیمپس لگانے کیلئے اقدامات اٹھائے

## گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ برآمد کیا جاسکے زیر صدارت اجلاس میں وزیراعلیٰ کی ہدایت



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے فوری فنڈز کا اجراء کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے دوران اجلاس میں......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کئے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لئے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جاسکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کیلئے بکرا منڈیوں میں ہر وقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 24 مئی 2025ء بمطابق 26 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 142

# وزیراعلیٰ کی لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنے کی ہدایت

**اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس بہتری کے لیے خاطر خواہ اقدامات کیے جائیں گے وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی**

**وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے خاطر خواہ اقدامات کیے جائیں گے وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہوسکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردارزادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام اور فنڈز کے فوری اجراء کیلئے دوران اجلاس ہی سمری پر دستخط کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعۃ المبارک 23 مئی 2025ء بمطابق 25 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 141


# وسائل کے ضیاع کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات ہوں گے

میر سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت کوئٹہ شہر کی صفائی، کچرہ اٹھانے سے متعلق صفائی کوئٹہ مہم اور خوبصورتی پر پیش رفت سے متعلق اہم اجلاس

منصوبوں میں معاون ادارے کسی بھی اہلکار یا فرد کو ایک روپیہ بھی کمیشن نہ دیں اور کسی بھی شکایت کی صورت میں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے رجوع کیا جائے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کوئٹہ شہر کی صفائی، کچرہ اٹھانے سے متعلق صفا کوئٹہ مہم اور خوبصورتی پر پیش رفت سے متعلق اہم اجلاس یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس کو کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات اور پی پی اتھارٹی کے سی ای او ڈاکٹر فیصل خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت پہلا ماؤنٹین ویو آئی ٹی پارک مکمل ہوگیا ہے



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ''صفا کوئٹہ پروجیکٹ'' کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 161 | ہفتہ، 26 ذیقعد، 24 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائیگا، وزیر اعلیٰ

## مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے وزیر اعلیٰ نے دوران اجلاس 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے

## بیماریوں سے بچاؤ کیلئے بکرا منڈیوں میں بروقت سپرے، گوشت کی پروسیسنگ بہتر انداز سے کرنے کی ہدایت



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیر اعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردارزادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 ہفتہ 24 مئی 2025ء بمطابق 26 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 141

# بلوچستان میں لائیوسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائیگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

مویشیوں میں لمپی سکن بیماری سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کر دیئے

**گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک خصوصاً مشرق وسطی برآمد کیا جا سکے بکرا منڈیوں میں بروقت سپرے کیا جائے، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیواسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے خاطر خواہ اقدامات کیے جائیں گے وزیراعلی کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلی نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجرا ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیواسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیراعلی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطی میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردارزادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری لائیواسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلی میر سرفراز احمد بگٹی اجلاس کے دوران لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے فنڈز کی سمری پر دستخط کر رہے ہیں



[illegible] بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

## CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Bullet No. 1

Page No. 7


روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: حمید الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ 24 مئی 2025ء 26 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 259


میر سرفراز بگٹی

# شعبہ لائیو سٹاک میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائیگا

**لائیوسٹاک کے شعبے کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائینگے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے**

**جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں، اجلاس کو سیکرٹری لائیواسٹاک محمد طیب لہڑی کی بریفنگ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیواسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے۔ اجلاس کو سیکرٹری لائیواسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے کماسنڈیوں میں بر وقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری لائیواسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام اور فنڈز کے فوری اجراء کے لیے دوران اجلاس ہی سمری پر دستخط کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

Bullet No. 1 Page No. 8

جلد نمبر-24 | ہفتہ 24 مئی 2025ء بمطابق 26 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-141

# بلوچستان میں لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے

## وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے

## جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان اس ضمن میں اقدامات کرے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے خاطر خواہ اقدامات کیے جائیں گے وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی (بقیہ نمبر10 صفحہ نمبر2پر)

مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل وحرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردارزادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: نعمت اللہ — صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 — ہفتہ 24 مئی 2025ء، 26 ذی القعد 1446ھ — شمارہ 45


# بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا، سرفراز بگٹی


بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے

گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطی میں برآمد کیا جا سکے

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کار

بقیہ 3 صفحہ 6 پر

کردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطی میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بر وقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے فنڈ جاری کرنے کی سمری پر دستخط کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 10



Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851 | جلد 28 | شمارہ 97


ہفتہ 24 مئی 2025ء | 26 ذیقعد | 1446ھ


# لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کیلئے دوران اجلاس 15 ملین روپے کی سمری پر دستخط کردیا

## شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات، بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیراعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | ہفتہ 24 مئی 2025ء 26 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 142


وزیر اعلیٰ بلوچستان

# لائیو اسٹاک کے شعبہ میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائیگا

## گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے

## میر سرفراز بگٹی نے مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری کے تدارک کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کر دیئے

کوئٹہ (خ ن، این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا اور اس شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت محکمہ امور حیوانات کی مجموعی کارکردگی اور مویشیوں میں لمپی اسکن بیماری سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے جانوروں میں لمپی اسکن بیماری کی روک تھام کے لیے دوران اجلاس ہی 150 ملین روپے کی سمری پر دستخط کیے تاکہ اس بیماری کے خاتمے کے لیے درکار فنڈز کا فوری طور پر اجراء ہو سکے اجلاس کو سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جانوروں میں لمپی اسکن کی وجہ مویشیوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت ہے اور محکمہ امور حیوانات بلوچستان نے اس حوالے سے صوبے کو دیگر صوبوں سے ملانے والے اضلاع میں حفاظتی کیمپس بھی لگائے ہیں وزیر اعلیٰ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گوشت پروسیسنگ بہتر انداز سے کی جائے تاکہ اسے دیگر ممالک اور خصوصاً مشرق وسطیٰ میں برآمد کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ بیماریوں سے بچنے کے لیے بکرا منڈیوں میں بروقت اسپرے کیا جائے اجلاس میں صوبائی وزیر امور حیوانات سردار زادہ فیصل خان جمالی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری لائیو اسٹاک محمد طیب لہڑی، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں اصلاحات کا عمل تیز کیا جائے گا۔



☆☆☆☆☆☆ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ امور حیوانات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆



CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

Balochistan Times
MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
B.C.6 VOL XLV No. 1108 QUETTA Saturday May 24, 2025 /Dhu'l-Qi'dah 26, 1446 Rs:



QUETTA: Chif Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti signing a summary in meeting regarding immediate issuance of funds to combat Lumpy Skin Disease in cattle in Balochistan.

# CM Bugti approves Rs150 million to combat Lumpy Skin Disease in cattle

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Ahmed Bugti has said that the process of reforms in the livestock sector in Balochistan will be accelerated and substantial steps will be taken for the improvement of this sector. In a meeting held under the chairmanship of the Chief Minister regarding the overall performance of the Animal Affairs Department and lumpy skin disease in cattle, the Chief Minister signed a summary of Rs 150 million during the meeting itself for the prevention of lumpy skin disease in animals so that the funds required for the eradication of this disease can be released immediately. Briefing the meeting, Secretary Livestock Muhammad Tayyab Lehri said that the cause of lumpy skin in animals is the movement of cattle from one place to another and in this regard, the Animal Affairs Department of Balochistan has also set up protective camps in the districts connecting the province with other provinces. Addressing the meeting, the Chief Minister directed that meat processing should be done in a better way so that it can be exported to other countries, especially the Middle East. He directed that timely spraying should be done in goat markets to prevent diseases. Provincial Minister for Animal Affairs Animal Husbandry Sardarzada Faisal Khan Jamali, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Secretary Livestock Muhammad Tayyab Lehri, Secretary Finance Imran Zarkoon and other relevant officials attended.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 24 MAY 2025 Page No. 13

## بجٹ میں مالی نظم وضبط اور عوامی ضروریات اولین ترجیح، شعیب نوشیروانی

**حکومت ایسے اقدامات پر غور کررہی ہے جو پائیدار ترقی، روزگار کے مواقع اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنا سکیں**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات بلوچستان میر شعیب نوشیروانی سے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری، رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ، اور سینیٹر منظور کاکڑ نے ملاقات کی۔ ان کے درمیان بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میر شعیب نوشیروانی نے اس موقع پر کہا کہ بجٹ سازی کے عمل میں مالی نظم و ضبط، شفافیت، اور عوامی ضروریات کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایسے اقدامات پر غور کر رہی ہے جو پائیدار ترقی، روزگار کے مواقع، اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام طبقات اور مختلف مکتبہ فکر کی شرکت اور مشاورت سے ہی بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں صوبے میں دیرپا اور پائیدار ترقی کو اولیت دی جائیگی تاکہ لوگوں کی روزمرہ زندگی پر مثبت اثرات مرتب ہو سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے خصوصی انتظامات ناگزیر ہیں، میر لیاقت لہڑی

**کوئٹہ کو صاف رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے، صفاء کی ٹیم سے ملاقات میں بات چیت**

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ بلوچستان میر لیاقت علی لہڑی سے صفاء کوئٹہ کی اعلیٰ سطحی ٹیم نے ملاقات کی ملاقات میں شہر میں صفائی کے انتظامات اور عیدالاضحیٰ سے قبل خصوصی صفائی مہم کے آغاز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں صفاء کوئٹہ کی نمائندگی زونل منیجر احسان اللہ درانی، ایریا منیجر اکمل خان، کمپلین منیجر محمد نیب، ایریا......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوآرڈینیٹر آصف بھٹی، ریکوری منیجر قہرمان اور ایریا کوآرڈینیٹر محمد نبی نے کی اس موقع پر صفاء کوئٹہ کی ٹیم نے میر لیاقت علی لہڑی کو شہر بھر میں جاری صفائی اقدامات، درپیش مسائل اور مستقبل کی حکمت عملی سے آگاہ کیا پارلیمانی سیکرٹری نے صفاء کوئٹہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے خصوصی انتظامات نہایت اہم ہیں تاکہ شہر کے عوام کو صاف اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کو صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

## بنیق کوئٹہ میں کڈنی ٹرانسپلانٹ کا سلسلہ دوبارہ شروع

**ہسپتال میں ماہر ڈاکٹرز وجدید مشینری کیساتھ صحت کارڈ کی سہولت بھی موجود ہے، ڈاکٹر فہیم خان**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی خصوصی دلچسپی سے بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نفرو یورالوجی کوئٹہ میں دوبارہ کڈنی ٹرانسپلانٹ شروع ہوگئی ہے ٹرانسپلانٹ کا عمل پچھلے تقریباً ڈیڑھ سال سے رکی ہوئی تھی اسے دوبارہ شروع کردیا گیا ہے ٹرانسپلانٹ رکنے کی وجہ سے بلوچستان کے غریب عوام کو علاج .......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

40 ...یم خان

کیلئے دوسرے صوبے جانا پڑتا تھا وہاں لاکھوں اور بعض اوقات کروڑوں کا خرچہ کرنا پڑتا ایک مہینے کی ڈیڈ لائن میں ہسپتال کا عملہ اور ڈاکٹرز اس قابل ہوئے ہیں کہ یہاں انہوں نے ابھی تک دو ٹرانسپلانٹ کروادی ہیں فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے کافی عرصے سے ٹرانسپلانٹ سروسز بند ہوگئی تھیں حکومت بلوچستان نے فنڈز مہیا کی ہیں اور ٹرانسپلانٹ ریزیوم ہوگیا ہے اس کے علاوہ بنیق میں اب ڈائیلائسز بھی مفت ہے اور مریضوں کا کھانا پینا بھی ادارے کے ذمے ہے ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر فہیم خان کے مطابق پورے بلوچستان سے کسی بھی مریض کو ٹرانسپلانٹ کی ضرورت ہو اسے مفت یہاں پر ٹرانسپلانٹ کرنے کیلئے لایا جاسکتا ہے۔ ہسپتال میں انویسٹی گیشن کی وہ سہولیات فراہم کی گئی ہیں جو بہترین پرائیویٹ ہسپتالوں میں بھی موجود نہیں اسکے علاوہ ہسپتال میں جدید ترین مشینیں ہیں جو امریکہ اور باقی ملکوں میں چلتی ہیں پہلے ٹرانسپلانٹ کی انویسٹیگیشنز یا ٹیسٹ کیلئے ہمیں کراچی یا اسلام آباد جانا پڑتا تھا مگر اب ہسپتال میں جدید آلات موجود ہیں

## قومی سلامتی کیلئے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی خدمات باعث فخر ہیں، مینا مجید

**فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، اصول پسندی اور قومی استحکام کے لیے کردار آنے والے وقت میں ایک درخشاں مثال ثابت ہوگا**

**انکی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت دشمن بھارت کو عظیم شکست کا سامنا کرنا پڑا، یہ اعزاز قوم اور پاک فوج کیلئے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے**

کوئٹہ (پ ر) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کا عہدہ پر فائز کیے جانے اور بیٹن آف فیلڈ مارشل ملنے پر صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک خصوصی بیان میں انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی عسکری خدمات، حب الوطنی اور قومی سلامتی کے لیے ان کی انتھک کاوشیں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں انکی قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت دشمن ملک بھارت کو عظیم شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ یہ اعزاز نہ صرف پاک فوج بلکہ پوری قوم کے لیے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت، اصول پسندی اور قومی استحکام کے لیے کردار آنے والے وقت میں ایک درخشاں مثال ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز کے مقابلے کے لیے اس طرح کی قیادت ایک مضبوط اور بااعتماد پاکستان کی ضمانت ہے۔ آخر میں انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ملک مزید ترقی اور امن واستحکام کی جانب بڑھے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 24 MAY 2025 Page No. 14


# بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، عطا تارڑ

## پاکستان کے بھرپور جواب کے بعد مودی کو چھپنے کی جگہ نہیں مل رہی، فتنہ الہند کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے

### ایسے قوانین بنائے جائیں کہ دہشتگرد دہشتگردوں کا ٹرائل ہو تو وہ بچ نہ سکیں، دہشت گردوں کا پورے عزم کے ساتھ قلع قمع کیا جائے گا، گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کے بھرپور جواب کے بعد مودی کو چھپنے کی جگہ نہیں مل رہی، بھارت بڑی شکست کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہے، فتنہ الہند کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، ایسے قوانین بنائے جائیں کہ دہشتگرد دہشتگردوں کا ٹرائل ہو تو وہ بچ نہ سکیں۔ کوئٹہ میں خضدار حملے کے زخمی بچوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ ہمارے بچوں نے ایک بار پھر قربانی دی، والدین اپنا سب کچھ وطن پر قربان کرنے کے لیے تیار ہیں، ان کے حوصلے اور عزم کو سراہتا ہوں۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ کلبھوشن کا پکڑا جانا ثبوت

بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

ہے کہ بھارت دہشت گردی میں ملوث ہے، مودی کا خطاب شکست سے بچنے کے لیے فیس سیونگ ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے حکمت عملی بن رہی ہے، تمام سیاسی جماعتیں، ادارے ملکر بلوچستان میں امن قائم کریں گے، قوم متحد ہے، دشمن کے ہر وار کا مقابلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے قوانین بنائے جائیں کہ دہشتگرد دہشتگردوں کا ٹرائل ہو تو وہ بالکل بھی بچ نہ پائیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان کے بھرپور جواب کے بعد مودی کو چھپنے کی جگہ نہیں مل رہی، بھارت اپنی پراکسیز کے ذریعے پاکستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کا عزم ہے کہ بلوچستان امن کا گہوارہ بنے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 MAY 2025 Page No. 18


# فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن سبزل روڈ پر گندے پانی سے کاشت سبزیاں تلف

عدالتی احکامات و حکومتی پابندی کے باوجود سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت ناقابل برداشت عمل ہے، نور محمد دمڑ

میڈیا و عوام مضر صحت خوراک یا نالوں کے پانی سے سیراب کی جانے والی اراضیات کی نشاندہی کریں، صوبائی وزیر خوراک ستھرا بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے عدالت عالیہ کے احکامات اور صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں گندے نالوں کے زہریلے پانی سے کاشت مضر صحت سبزیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے کارروائی کے دوران کوئٹہ کے علاقے سبزل روڈ پر 180 ایکڑ سے زائد اراضی پر موجود سبزیاں تلف کر دی گئیں جن میں گوبھی و دیگر سبزیاں شامل ہیں انسانی صحت کیلئے خطرناک فصلیں شامل تھیں صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے بی ایف اے سے متعلق کارروائی کی ہدایت کی تھی کہ کریک ........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاؤن کا سلسلہ جاری رہے گا اور کہا کہ عدالتی احکامات اور حکومتی پابندی کے باوجود سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی ایسے تمام کھیتوں میں اگائی گئی سبزیاں بلا تفریق تلف کر کے متعلقہ کسانوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ یہ مہم دیگر علاقوں تک وسعت دی جائے گی اور گندے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کی روک تھام کیلئے بلا تعطل کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا حاجی نور محمد دمڑ نے میڈیا سے بھی اپیل کی کہ وہ مضر صحت خوراک یا نالوں کے پانی سے سیراب کی جانے والی اراضیات جہاں مضر صحت سبزیاں کاشت کی جاتی ہیں کی نشاندہی کریں تاکہ فوڈ اتھارٹی فوری ایکشن لے سکے انہوں نے کہا کہ ہم ناقص اور ملاوٹی خوراک کے خلاف سخت پالیسی پر عمل پیرا ہیں جبکہ اس ضمن میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی بھی واضح ہدایات ہیں کہ انسانی صحت سے کھلواڑ کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے اتھارٹی کے کمپلینٹ سیل کو مزید فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ غیر معیاری خوراک کی تیاری و فروخت سے متعلق شہری آسانی سے شکایات درج کرا سکیں صوبائی وزیر کے مطابق صرف غیر خوردنی فصلوں کو سیوریج کے پانی سے سیراب کرنے کی اجازت ہے

# 26 مئی سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کو باہمی تعاون سے کامیاب بنائیں گے، ڈی سی کوئٹہ

تمام ادارے قومی ذمہ داری کے تحت پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کریں اور انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑیں

پانچ روزہ مہم اور دو روزہ کیچ اپ سرگرمی کے دوران ضلع بھر میں 4 لاکھ 65 ہزار 195 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

مہم کے دوران سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے 1420 سیکیورٹی اہلکار تعینات کئے گئے ہیں، ریفیوزلز کو کور کرنے کیلئے خصوصی یونٹ تشکیل

کوئٹہ (خ ن) پولیو کے خاتمے کے قومی ہدف کے تحت ضلع کوئٹہ میں 26 مئی 2025 سے شروع ہونے والی سات روزہ پولیو مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، سیکیورٹی اداروں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مہم کی تفصیلات اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور عملدرآمد کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 26 مئی سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم پانچ روزہ اور دو روزہ کیچ اپ سرگرمی پر مشتمل ہوگی، جس کے دوران ضلع بھر میں 4 لاکھ 65 ہزار 195 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مہم کے دوران سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے 1,420 سیکیورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، مہم کے دوران ممکنہ ریفیوزلز (انکار کرنے والے افراد یا خاندانوں) کو کور کرنے کے لیے 300 اہلکاروں پر مشتمل خصوصی یونٹ بھی تشکیل دی گئی ہے

# ڈپٹی کمشنر نوشکی نے بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

مہم کو قومی فریضہ اور جہاد سمجھ کر حصہ لیں ہماری ذمہ داری بنتی ہے، امجد سومرو

نوشکی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو نے بچے کو پولیو کا قطرہ پلا کر 5 روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر کہور خان بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر مشتاق مینگل نے بھی بچے کو پولیو کے قطرے پلائیں کمیونٹی موبلائزیشن افیسر مہر اللہ بادینی ڈی ایس وی عطاء اللہ مینگل اے ایس وی محمد نجیب و دیگر موجود تھے ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر کہور خان بلوچ نے انے والے پولیو کمپین کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی اس موقع پر ڈی سی نوشکی امجد حسین سومرو اور ڈی ایچ او نوشکی ڈاکٹر کہور خان بلوچ نے کہا کہ انے والے کمپین کی بھرپور تیاری کی جائے پولیو وائرس خطرناک وائرس ہے اس خطرناک وائرس کے خاتمہ کے لیے ہمیں جنگی بنیادوں پر اس مہم کو قومی فریضہ اور جہاد سمجھ کر حصہ لیں ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم آنے والے نسل کو صحت مند معاشرے اور روشن مستقبل دیں کیونکہ بچے ہمارا اصل سرمایہ اور مستقبل ہے ہمیں باہمی کوآرڈینیشن اور قومی جذبے سے سرشار ہو کر پاکستان کو پولیو فری زون ممالک کی صف میں شامل کرنا ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

# سینیٹر دھنیش کمار کا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ

چیئرمین بلال کاکڑ سے ملاقات، جاری منصوبوں اور ترقیاتی حکمت عملی پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) سینیٹر دھنیش کمار نے جمعہ کو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں جاری سرمایہ کاری منصوبوں اور ترقیاتی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، سی ای او سرمایہ کاری بورڈ عبدالکبیر زرکون اور سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل بھی موجود تھے۔ سینیٹر دھنیش کمار نے بی بی او آئی ٹی کی جانب سے بلوچستان میں سرمایہ کاری اور تجارت کے فروغ بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ بی بی او آئی ٹی نے صوبے میں سرمایہ کار دوست ماحول بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے ادارے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ ان ترقیاتی اقدامات کے لیے میری مکمل حمایت حاصل رہے گی۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے سینیٹر کو جاری منصوبوں، سرمایہ کاروں سے روابط اور آئندہ کی منصوبہ


INTEKHAB QUETTA


# بولان میڈیکل یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کا اعلامیہ

2024 سیشن کے لیے داخلہ انٹرویوز کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق 2024 سیشن کے لیے داخلہ انٹرویوز کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا ہے، کالج آف فزیکل تھراپی، ایلائیڈ ہیلتھ سائنسز اینڈ ایس ایٹ ڈگری پروگرامز کے لیے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (BUMHS)، کوئٹہ، سال 2024 کے داخلہ ٹیسٹ میں شریک ہونے والے تمام امیدواروں کو مطلع کرتی ہے کہ فزیکل تھراپی، ایلائیڈ ہیلتھ سائنسز، اور ایس ایٹ ڈگری پروگرامز کے داخلے کے لیے انٹرویوز بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ سٹی کیمپس بروری روڈ نزد لائیو سٹاک ڈیری فارم، کوئٹہ میں درج ذیل شیڈول کے مطابق منعقد ہوں گے۔ کوئٹہ ڈویژن، سبی ڈویژن، ژوب ڈویژن، لورالائی ڈویژن بروز پیر 26 مئی 2025 صبح 0010 بجے، مکران ڈویژن، نصیر آباد ڈویژن، رخشان ڈویژن، قلات ڈویژن بروز منگل 27 مئی 2025 صبح 0010 بجے ہوں گے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 24 MAY 2025 Page No. 18-B

بی وائی سی سے ویسے ہی نمٹا جائے گا جیسے ملک دشمنوں سے نمٹتے ہیں، یہ دہشت گردوں کے پراکسی ہیں، بھارت کا منہ پہلے بھی کالا کیا اب بھی ماریں گے

# بھارت خضدار حملے میں ملوث ہے

## ڈی جی ISPR

پڑوسی ملک 20 سال سے دہشت گردی کررہاہے، دشمن کو سمجھ نہیں آرہی پاکستانی قوم متحد کیسے ہوگئی، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کا آپس میں گٹھ جوڑ ہے، بھارت بلوچستان کی ترقی کا دشمن ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

میڈیا دہشت گردوں کی پراکسی ماہ رنگ بلوچ کا چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کرے، کئی گرفتار دہشت گردوں نے بھارتی پشت پناہی کا اعتراف کیا ہے، وزیراعظم نے نیشنل ایکشن پلان کی تشکیل نو کردی ہے، وفاقی سیکریٹری داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لفٹیننٹ جنرل احمد شریف اور وفاقی سیکریٹری داخلہ خرم آغا نے کہا ہے کہ پاکستان نے بھارت کا پوری دنیا میں منہ کالا کردیا، بھارت میزائل بھیجتا ہے، ڈرون بھیجتا ہے، حملہ کرتا ہے، پاکستانی فوج سینہ تان کر اس کے سامنے کھڑی ہے، بھارت بیس سال سے دہشتگردی کررہاہے، دہشتگردی کے خلاف پوری قوم متحد ہوچکی، بھارت کو سمجھ نہیں آرہی کہ پاکستانی قوم متحد کیسے ہوگئی، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کا آپس میں گٹھ جوڑ ہے، بھارت بلوچستان کی ترقی کا دشمن ہے۔ دہشتگردی کی کے پیچھے کوئی نظریہ نہیں صرف بھارت ہے۔ دشمن سے پاکستان کی معاشی ترقی ہضم نہیں ہورہی، پاکستان نے دہشتگردوں کے لئے اپنی سرزمین تنگ کردی ہے، وزیراعظم نے نیشنل ایکشن پلان کی تشکیل نو کردی ہے۔ مشترکہ پریس کانفرنس

بقیہ نمبر 39 صفحہ 5 پر

کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا بھارت گذشتہ بیس سال سے ریاستی دہشتگردی کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہے۔ بھارت خطے کا امن سبوتاژ کررہاہے۔ دو ہزار نو میں پاکستان نے بلوچستان میں دہشتگردی میں بھارت کے ملوث ہونے کا ڈوزیئر اقوام متحدہ میں پیش کیا۔ دو ہزار سولہ میں بھارت کے دہشتگردی میں ملوث ہونے کے شواہد بھی دنیا کے سامنے رکھے۔ انہوں نے کہا مختلف گرفتار دہشتگردوں نے بھارتی پشت پناہی کا اعتراف کیا ہے۔ کلبھوشن یادیو اس کی واضح مثال ہے جس نے تمام تر حقائق اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا بھارت دہشتگردوں کو فنڈز فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا فتنہ الہندوستان خضدار میں بچوں کی شہادتوں میں ملوث ہے۔ اکیس مئی کو ہونے والے اس حملے میں چھ طلبا شہید اور اکاون زخمی ہوئے ہیں۔ خضدار بچوں پر حملہ فتنہ الہندوستان کا مکروہ چہرہ ہے، کئی بچے ہسپتال میں زیر علاج ہیں، حملہ بھارتی ایما پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے کیا۔ پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا ہے کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائے سی) اور ماہ رنگ بلوچ دہشتگردوں کی پراکسی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ میڈیا دہشتگردوں کی پراکسی ماہ رنگ بلوچ کا چہرہ دنیا کے سامنے بے نقاب کرے، جعفر ایکسپریس آپریشن میں ہلاک دہشتگردوں کی لاشیں مانگنے ماہ رنگ بلوچ آئی، دہشتگردوں کی لاشیں لواحقین کے حوالے کی گئیں، ماہ رنگ بلوچ کون ہوتی ہے لاشیں مانگنے والی؟ انہوں نے کہا کہ ماہ رنگ بلوچ کا چہرہ دنیا کے سامنے آگیا، وہ دہشتگردوں کی پراکسی ہے، بلوچ یکجہتی کمیٹی بھی دہشتگردوں کی پراکسی ہے اور بلوچ یکجہتی کمیٹی سے ویسے ہی نمٹا جائے گا جیسے دہشتگردوں سے نمٹا جاتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ جب دہشتگرد مارے جاتے ہیں تو ان کے ڈی این اے اور شناخت کراتے ہیں ان میں سے آدھے تو مسنگ پرسنز کی فہرست میں ہوتے ہیں۔

# خضدار حملہ قابل مذمت، دنیا پاکستان کا ساتھ دے، سلامتی کونسل

حملہ بزدلانہ اور سنگدل تھا، جس میں 6 افراد شہید ہوئے، جن میں 4 طلبہ شامل تھے جبکہ 53 افراد زخمی ہوئے، جن میں زیادہ تر اسکول کے بچے تھے

ایسے حملوں میں ملوث افراد، ان کے سہولت کاروں، منصوبہ سازوں اور مالی مدد دینے والوں کو قانون کے مطابق انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے بلوچستان کے علاقے خضدار میں اسکول بس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ سلامتی کونسل کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق یہ حملہ بزدلانہ اور سنگدل تھا، جس میں 6 افراد شہید ہوئے، جن میں 4 طلبہ شامل تھے جبکہ 53 افراد زخمی ہوئے، جن میں زیادہ تر اسکول کے بچے تھے۔ کونسل نے

بقیہ نمبر 43 صفحہ 5 پر

پاکستان کے عوام، حکومت اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی خواہش ظاہر کی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ہر قسم کی دہشت گردی عالمی امن و سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے، اور ایسے حملوں میں ملوث افراد، ان کے سہولت کاروں، منصوبہ سازوں اور مالی مدد دینے والوں کو قانون کے مطابق انصاف کے کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔ سلامتی کونسل نے تمام ممالک سے مطالبہ کیا کہ وہ بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت پاکستان سے مکمل تعاون کریں۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ دہشت گردی کا کوئی بھی عمل کسی بھی صورت میں قابل قبول یا قابل جواز نہیں ہو سکتا۔ دنیا کے تمام ممالک پر لازم ہے کہ وہ عالمی قوانین کے تحت دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر اقدامات کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 MAY 2025

Page No. 16

# ڈیورنڈلائن پرتمام تجارتی راستوں کوفوری بحال کیا جائے، پشتونخوامیپ

**بڑھتی بدامنی، مہنگائی، بیروزگاری کے باعث غریب خاندانوں کے گھروں کے چولہے تک بجھ چکے ہیں، حامد اچکزئی و دیگر**

قلعہ عبداللہ (پ ر) پشتونخوملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ڈیورنڈ خط کے تمام تجارتی پوائنٹس پر صدیوں سے جاری آمدورفت اور تجارتی راستوں کو فوری بحال کیا جائے، ایک جانب ہمارے عوام پر تجارت، روزگار کے دروازے بند کیئے جارہے ہیں دوسری جانب ملک میں روز بروز بڑھتی ہوئی بدامنی، مہنگائی، بیروزگاری کے باعث غریب خاندانوں کے گھروں کے چولہے تک بجھ چکے ہیں۔سفید پوش افراداپنے بچوں کی کفالت کے لیے دو وقت کی روٹی کے لیے در بدر کی ٹھوکریں کھارہے ہیں، (SIFC)خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل غیرآئینی اور کسی صورت عوامی مفاد میں نہیں، مائنز ومنرلز ایکٹ کے ذریعے عوام کے زمینوں، وسائل، معدنیات پر جاری قبضہ کومزید دوام دینا ہے، ملک کے ہمہ جہت بحرانوں سے نجات کاراستہ پشتونخوامیپ کے چیئرمین اورتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ ملی مشرمحمود خان اچکزئی بتاچکے ہیں کہ متفقہ آئین کی بالادستی پر من وعن عملدرآمد کیا جائے، موجودہ فارم 47 کی حکومت کا جمہوری انداز میں خاتمہ اورتین سے چار مہینے کے لیے قومی حکومت بنا کر ملک میں نئے صاف شفاف غیرجانبدارنہ انتخابات کا اعلان کیا جائے۔ پارٹی کو ضلع قلعہ عبداللہ خان میں منظم وفعال بنانے کے لیے پارٹی کارکنوں کومحنت اوراپنے عوام کے پاس جانا ہوگا، غیروں کی منفی سیاست اورذاتی مفادات کی جنگ میں عوام کوپسنے سے بچانا ہوگا، ہمارے عوام کو پشتون قومی تحریک کے اہداف، اپنے وطن، وسائل، جغرافیہ سے باخبر کرتے ہوئے اپنے قومی اہداف کے حصول کی جدوجہد میں شامل کرنا ہوگا۔ضلع قلعہ عبداللہ خان کے تحصیل گلستان، تحصیل دوبندی اور تحصیل قلعہ عبداللہ کے کامیاب جمہوری انداز میں منعقدہ کانفرنسز (انتخابات) پر پارٹی کے کارکنوں کو دادتحسین اور منتخب ایگزیکٹیوز کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور بجاطور پر پارٹی یہ امید کرتی ہے کہ منتخب ایگزیکٹیوز اپنی ذمہ داروں کو بخوبی سرانجام دیتے ہوئے اس میں کسی بھی قسم کی سستی، غفلت، کاہلی کا مظاہرہ نہیں کرینگے بلکہ یہ اپنے عہدے اور پارٹی کی دی گئی ذمہ داریوں کو ہرصورت بروقت پائے تکمیل تک پہنچانے اور تنظیمی فعالیت کو دوبالا کرنے کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائینگے۔ پشتونخوااملی عوامی پارٹی ضلع قلعہ عبداللہ خان کے تین تحصیلوں گلستان، دوبندی اور قلعہ عبداللہ کے کانفرنسز (انتخابات) پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہارخان ودان کی صدارت میں منعقد ہوئے۔جبکہ منتخب ایگزیکٹوز سے ڈاکٹرحامد خان اچکزئی اور عبدالقہارخان ودان نے حلف لیا۔جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض ضلع قلعہ عبداللہ خان کے ڈپٹی آرگنائزر اور ڈسٹرکٹ ڈپٹی چیئرمین اکبر خان کاکڑ نے سرانجام دیئے۔تحصیل گلستان کانفرنس سے عبدالقہار خان ودان، ڈاکٹرحنیف خان اچکزئی، رمضان لالا، ضلع قلعہ عبداللہ خان کے آرگنائزر میروائس خان اچکزئی، حاجی محمد اشرف شمشوزئی، محمدعمر پہلوان نے خطاب کیا۔اس موقع پرمحمدعمر پہلوان تحصیل گلستان کے صدر، جنرل سیکرٹری عبدالصمد سلیمانخیل، ایڈیشنل سیکرٹری سید میراحمد آغااور 14اراکین پر مشتمل ایگزیکٹیوز کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔تحصیل قلعہ عبداللہ کانفرنس کلی ماچکہ میں منعقد ہوا۔جس میں محمدولی افغان تحصیل صدر، جنرل سیکرٹری عبدالباری مسے زئی اوردیگر 14اراکین پر مشتمل ایگزیکٹیوز کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اس موقع پرپارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹرحامد خان اچکزئی، صوبائی صدرعبدالقہار خان ودان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سیدفیض اللہ آغا، ضلع ڈپٹی آرگنائزراکبرخان کاکڑ، سابق ناظم عبدالہادی، محمدولی افغان، عبدالباری مسے زئی نے خطاب کیا۔

# غیرنمائندہ حکومت سیاسی عدم استحکام میں اضافہ کررہی ہے، نیشنل پارٹی

**حقیقی عوامی مینڈیٹ تسلیم کیے بغیر بحرانوں سے نجات نہیں مل سکتی ہے، اسلم بلوچ**

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ، مرکزی نائب صدرڈاکٹراسحاق بلوچ، ضلع کوئٹہ کے صدرحاجی عطامحمد بنگلزئی، چنگیزحئی بلوچ، علی احمد لانگو، حاجی عبدالصمدرند، میراں بخش بلوچ، چیئرمین منصور بلوچ، محمود رند، میڈم فریدہ بلوچ، حاجی نصراللہ، ریاض زہری، ماماسیف اللہ، اختر لانگو، سردارگل حسن نے کہاہے کہ غیرنمائندہ حکومت کے تسلط نے صوبے کو بے چینی، بدامنی، بےروزگاری اورسیاسی عدم استحکام کاشکار بنادیا ہے جب تک بلوچستان کے حقیقی عوامی مینڈیٹ کوتسلیم نہیں کیا جاتا صوبہ بدامنی اور بحران سے نہیں نکل سکے گاان خیالات کااظہار رہنماؤں نے نیشنل پارٹی کلی شابو/ عالمو پی بی 43 کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس حاجی عبدالصمد بلوچ کی رہائش گاہ پرہوااجلاس میں پارٹی رہنما ایڈووکیٹ محی الدین ساسولی کی پہلی برسی کے موقع پرجلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کلی شابو، عالمو اور ملحقہ علاقوں سے کارکن بڑی تعداد میں جلوس کی شکل میں جلسے میں شرکت کریں گے مقررین نے کہا کہ ایڈووکیٹ محی الدین ساسولی کی پارٹی کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں ان کے انتقال سے جماعت کو بہت بڑانقصان ہوااس موقع پررکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ سمیت سینئر رہنمابڑی تعداد میں موجود تھے۔

# حکمرانوں کوملکی مفاد کیلئے سنجیدہ فیصلے کرناہونگے، جے یوآئی

**کامیاب ریلی اورملین مارچ سے جماعت کا نام روشن ہوا، حافظ حسین احمد شرودی**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی کی صدارت میں ہوجس میں دفاع پاکستان ریلی اورملین مارچ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا شرکاء نے ضلعی تنظیم کی کارکردگی کوتسلی بخش قرار دیتے ہوئے کارکنوں کی محنت اور جذبے کوسراہا حافظ حسین احمد شرودی مولانا شاہ محمد حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا حفیظ اللہ مولانا محمد ہاشم خیشکی حاجی قاسم خان خلجی مولانا مفتی رحمت اللہ مولانا علی جان حافظ مجیب الرحمن ملا خیل مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا سعید احمد مولانا محمد اکبر مینگل اللہ دوست ایڈووکیٹ مولانا محمد اسلم عبدالباری شہزاد اور حافظ حبیب الرحمننے کہا کہ ملک نازک حالات سے گزررہا ہے حکمرانوں کوملکی مفاد میں سنجیدہ فیصلے لینے ہوں گے جمعیت نے ہمیشہ قومی سلامتی کے لیے قربانیاں دی ہیں اور کامیاب ریلی و مارچ سے کارکنوں نے جماعت کا نام فخر سے روشن کیا مقررین نے واضح کیا کہ جمعیت پارلیمنٹ کے اندرو باہرملکی دفاع اوراستحکام کے لیے سرگرم عمل ہے۔

# 25 مئی کوکوئٹہ میں یوتھ جرگہ منعقد کیا جائیگا، ہدایت الرحمان

**بلوچستان کے نوجوان محنت کش اورمحب وطن، انکے حقوق کیلئے ہرفورم پرجدوجہد کرونگا، گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) اسلامی بلوچستان کے امیر رکن اسمبلی مولاناہدایت الرحمان نے کہاہے کہ بلوچستان کے مسائل کے حل، ترقی، امن اورخوشحالی کیلئے نوجوانوں کومتحرک کریں گے۔سلگتابلوچستان اور یوتھ کا کردار کے عنوان سے بلوچستان کے نوجوانوں کا یوتھ جرگہ 25 مئی کوکوئٹہ منعقد کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفود سے ملاقات کے موقع پرگفتگو میں کیا، انہوں نے کہا کہ خضدار میں معصوم بچوں کاقتل اوروزیرستان کے عوام پرڈرون حملے قابل مذمت ہیں، سیکورٹی فورسزعوام کی جان ومال کی حفاظت یقینی بنائیں، انہوں نے کہا کہ علماءاورقبائلی عمائدین کے بعداب 25 مئی کو یوتھ قیادت کوایک پلیٹ فارم پریکجا کرکے ظلم کے خلاف حق دوبلوچستان مہم کوتیزکریں گے، بلوچستان کے نوجوان محنت کش اورمحب وطن ہیں، نوجوانوں کے حقوق کیلئے اسمبلی کے اندروباہرجدوجہد کرونگا۔

# کوئٹہ کے شہری پانی اوربجلی کی سہولت سے محروم ہیں، جمعیت نظریاتی

**عوام ٹینکر مافیا کے رحم وکرم، سینئر افسر کوایم ڈی واسا تعینات کیا جائے، قاری مہراللہ**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیازمحمد، مولانا رحمت اللہ حقانی اورحاجی نادر خان اچکزئی نے کہاہے کہ کوئٹہ کے شہری شدیدگرمی میں بجلی اورپینے کے پانی سے محروم ہیں گھنٹوں لوڈشیڈنگ اور پانی کی عدم دستیابی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے ایم ڈی واسا شہریوں کے مسائل سے ناآشنا ہیں جس کے باعث لوگ ٹینکرمافیا کے رحم وکرم ہیں رہنماؤں نے وزیراعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ کسی سینئر افسر کوایم ڈی واسا تعینات کرکے پانی اوربجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 MAY 2025 Page No. 17


# عوامی مفاد کیلئے قانون سازی کر رہے ہیں' آغا عمر احمدزئی

قانون سازی کا مقصد زرعی صارفین کو سولر توانائی پر منتقل کرنے کے عمل کو منظم کرنا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

زیر صدارت اجلاس سے خطاب' اجلاس میں کمیٹی اراکین سمیت زمینداران کے نمائندے بھی شریک

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اہم اجلاس آج اسمبلی کے کمیٹی روم میں چیئرمین پرنس آغا عمر احمدزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں کمیٹی کے اراکین زاہد علی ریکی، کلثوم نیاز بلوچ، فرح عظیم شاہ، سیکرٹری .......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ اور سیکرٹری توانائی داد خان بازئی اور زمیندار ایکشن کمیٹی کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان اسمبلی کی جانب سے اسٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجے گئے بل بلوچستان زرعی سولرائزیشن و بجلی چوری کی روک تھام بل 2025، پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا یہ بل اسمبلی نے مزید بحث و مباحثہ کیلئے کمیٹی کو بھیجا تھا، تاکہ اس کے تمام پہلوؤں پر غور کیا جاسکے متعلقہ قانون سازی کا مقصد زرعی صارفین کو سبسڈی والی بجلی سے سولر توانائی پر منتقل کرنے کے عمل کو منظم کرنا ہے۔

# شہری بجلی لوڈشیڈنگ سے تنگ' پانی کی قلت سے دوچار ہیں' قاری مہر اللہ

ایم ڈی واسا مسائل سے نابلد' عوام ٹینکر مافیا کے رحم وکرم پر ہیں' رہنماء جمعیت (ن)

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد مولنا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ شدید گرمی میں کوئٹہ شہر میں بجلی نہ پینے کا صاف پانی ہے شہر کے باسی گھنٹوں بجلی لوڈشیڈنگ سے تنگ اور پینے کے پانی سے محروم ہیں ایم .......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی واسا کوئٹہ شہر میں پانی کی لائنوں اور عوام کو درپیش مسائل سے نابلد ہیں عوام کئی ماہ سے ٹینکر مافیاز کے رحم وکرم پر ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان باتجربہ ایم ڈی واسا تعینات کرے تاکہ مسئلے کے حل کو یقینی بنا کر عوام کو اس صورتحال سے چھٹکارا دلایا جاسکے ایم ڈی واسا کا فوری طور پر تبادلہ کیا جائے عوام کو احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے

# مسائل اولین ترجیحات میں شامل کر کے حل کریں گے' علی مدد جتک

عوام ساتھ دیں سریاب کا نقشہ بدل کر دکھائیں گے' کھلی کچہری سے رکن اسمبلی کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی رہائش گاہ پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی انہوں نے لوگوں کے مسائل سنے اور زیادہ تر مسائل موقع پر حل کرائے.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ تمام عوامی مسائل کو اولین ترجیحات میں شامل کر کے حل کیا جائے گا پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے تمام پارٹی کارکنان عوام کی خدمت میں مصروف عمل رہیں انہوں نے کہا کہ خدمت، خدمت اور خدمت پر یقین رکھتے ہیں کم وقت میں تاریخی ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے عوام کا اعتماد اور ساتھ چاہئے سریاب کا نقشہ بدل کر دکھائیں گے حاجی علی مدد جتک کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد خوش آئند قرار عوامی حلقوں نے اس عمل کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ حاجی علی مدد جتک عوامی لیڈر اور ہم امید رکھتے ہیں کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے ایسے ہی اقدامات اٹھانے کا سلسلہ جاری رہے گا۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 24 MAY 2025 Page No. 18


## تربت: لیویز کی کارروائیوں میں 549 کلوگرام سے زائد چرس برآمد

### دونوں کارروائیوں میں ڈرائیور فرار، دو پک اپ گاڑیاں قبضے میں لے لی گئیں

تربت (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد جان بلوچ نے لیویز تھانہ تربت میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا ہے کہ لیویز فورس نے منشیات کے خلاف دو مختلف کارروائیوں میں 549 کلوگرام سے زائد اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کرلی جبکہ دو پک اپ گاڑیاں بھی تحویل میں لے لی گئیں۔ پہلی کارروائی آج صبح تقریباً سوا پانچ بجے کیساک چیک پوسٹ پر معمول کی ناکہ بندی کے دوران کی گئی۔ اس دوران ایک مشکوک پک اپ گاڑی کو رکنے کا اشارہ دیا گیا جس پر ڈرائیور نے گاڑی بھگا دی۔ لیویز اہلکاروں نے فوری طور پر تعاقب کیا تاہم ڈرائیور کیساک بازار کی جانب فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اور گاڑی کو چھوڑ کر تنگ گلیوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے روپوش ہوگیا۔ جب گاڑی کی تلاشی لی گئی تو اس میں سے 222 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ دوسری کارروائی دیہات چیک پوسٹ کے قریب ایک مخبر کی اطلاع پر عمل میں لائی گئی۔ لیویز فورس نے ایک اور مشکوک گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تو ڈرائیور نے گاڑی کو میرانی ڈیم کی طرف دوڑا دیا۔ بالآخر گاڑی کو پہاڑی علاقے میں چھوڑ کر ڈرائیور فرار ہوگیا۔ اس گاڑی سے بھی بڑی مقدار میں چرس برآمد ہوئی۔

MASHRIQ QUETTA

## اوستہ محمد پولیس نے روپوش قاتل گرفتار کرلیا

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد پولیس کی مؤثر کارروائیاں روپوش قاتل گرفتار، غیرقانونی اسلحہ برآمد، اور جانور پر ظلم کرنے والا ملزم بھی پکڑا گیا تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او انسپکٹر عبدالرؤف جمالی سب انسپکٹر سکندر لہڑی نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

قتل کیس میں مطلوب روپوش ملزم جعفر ولد محمد عمر، قوم جنگ کو گرفتار کرلیا۔ دوران گرفتاری ملزم کے قبضے سے قتل میں استعمال ہونے والا ٹی ٹی پسٹل بھی برآمد ہوا ملزم کے خلاف پہلے سے درج مقدمہ کے علاوہ غیرقانونی اسلحہ برآمدگی پر بھی علیحدہ مقدمہ درج کیا گیا

عوامی مسائل



## شہری سہولیات کی ابتری کے پیش نظر فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، اہلیان نواں کلی

خستہ حال سڑکیں، پینے کا پانی ناپید، صفائی کی ناقص صورتحال نے لاکھوں کی آبادی کا جینا دوبھر کر رکھا ہے

منتخب نمائندوں کی عدم توجہی اور بار بار متعلقہ حکام کو بذریعہ اخبارات سماجی میڈیا الیکٹرونک میڈیا آگاہ کرنے کے باوجود کوئی نوٹس نہیں لیا جاتا، شہریوں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ناقص صفائی صورتحال، آوارہ کتوں کی بھرمار، اور خستہ حال سڑکیں کوئٹہ شہر میں روایت بن چکی ہے، شہری علاقوں پر اربوں روپے خرچ جبکہ نواحی علاقوں میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہو رہی ہے، رہی سہی کسر بلدیاتی انتخابات میں تاخیری حربوں نے پوری کر دی، منتخب نمائندوں کی عدم توجہی اور بار بار متعلقہ حکام کو بذریعہ اخبارات مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے شمیم خان، نقیب اللہ کاکڑ، فضل محمد، رحمت اللہ، محمد حسن شاہ، گل الرحمان و دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ کے وی آئی پی سڑکوں کو کاٹ کوٹ کر کے دوبارہ بنانے سے بہتر یہی ہے کہ وہی فنڈ ترجیحات کی بنیاد پر نواحی جتنے بھی علاقے ہیں جو بنیادی وسائل سے محروم ہیں پر خرچ کی جائے لیکن بار بار احتجاج دینے کے باوجود متعلقہ حکام مسائل دکھ درد اور یہاں کے غریب لوگ جو دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان رہتے ہیں ان کو پانی، بجلی، پختہ سڑکوں، خصوصا روزگار کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری بنتی ہے اور عام انتخابات میں بھاری اکثریت سے ایم پی اے بخت محمد کاکڑ کو اس لئے کامیاب کرایا گیا کہ وہ اس علاقے کی ترقی و خوشحالی کی نہ صرف بات کرے گی بلکہ عملی بنیادوں



سماجی میڈیا الیکٹرونک میڈیا آگاہ کرنے کے باوجود کوئی نوٹس نہیں لیا جاتا جس کی وجہ سے ایئر پورٹ روڈ بائی پاس اور ان سے متصل تمام سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار جبکہ انہی سڑکوں پر صفائی کی ابتر صورتحال اور آوارہ کتوں کی بھرمار نے وہاں موجود دکانداروں، مکینوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے، کو ہماری بات شاید بہتر نہیں لگی علاقہ مکینوں نے مزید بتایا کہ نواں کلی کوتوال، بگٹی عمر، ٹیچر کالونی، عالمو بائی پاس سمیت متعدد شاہراہیں جو عرصہ 10 سالوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے، انہوں نے بتایا ہے کہ موجودہ ایم پی اے کا تعلق بھی نواں کلی سے ہے وہ نواں کلی کے پر ہمارے مسائل کو حل کرے گی، انہوں نے آخر میں بتایا کہ اگر بنیادی وسائل صفائی کی صورتحال بالخصوص عالمو بائی پاس کی شاہراہ اور ان کے دونوں اطراف نالیوں کی تعمیر و مرمت نہ ہو سکی تو یہاں کے دکاندار اکٹھے ہو کر سخت سے سخت احتجاجی لائحہ عمل طے کرے گی۔

INTEKHAB QUETTA

## مستونگ نادرا جانشینی سرٹیفکیٹ کے حصول میں عوام کو مشکلات کا سامنا

دور دراز کے علاقوں سے آنے والے صارفین کو دن بھر انتظار کرایا جاتا ہے جو بعد ازاں مایوس لوٹ جاتے ہیں، رپورٹ

مستونگ (نمائندہ خصوصی) نادرا آفس مستونگ سے بم دھماکوں، ٹارگٹ کلنگ اور دیگر واقعات میں شہید اور زخمیوں کے لواحقین کو سکسیشن سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا، سائلین کیلئے شناختی کارڈ کا حصول جوئے شیر لانے کے مترادف بن گیا ہے، نادرا کے اہلکار سائلین کو مختلف حیلے بہانوں سے ترخایا جا رہا ہے بلکہ دور دراز کے علاقوں سے آنے والے صارفین کو دن بھر انتظار کرایا جاتا ہے جو بعد ازاں مایوس لوٹ جاتے ہیں۔ شہر ناپرساں مستونگ میں کوئی پوچھنے والا نہیں اور نہ کسی آفیسر کو عوام کی تکلیف کا کوئی پروا ہے۔ نادرا اہلکاروں کی عدم تعاون کا نوٹس لیا جائے اور نادرا آفس کو عوامی مقام پر منتقل کیا جائے۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ نادرا عملے کی مبینہ غفلت، تاخیری حربے، غیر انسانی رویہ اور ناقص انتظام کے باعث سکسیشن سرٹیفکیٹ کی عدم فراہمی سے شہدا کے لواحقین حکومت کی اعلان کردہ کمپنسیشن کی رقوم سے بھی محروم، شہدا اور زخمیوں کے لواحقین کا کوئی پرسان حال نہیں، ڈی جی ایم نادرا وفاقی محتسب اور ڈپٹی کمشنر مستونگ سے فوری نوٹس لینے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق نادرا آفس مستونگ کے عملے کی مسلسل غفلت، نااہلی اور غیر انسانی رویے کے باعث بم دھماکوں، ٹارگٹ کلنگ اور دیگر واقعات میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے ورثا کو تاحال سکسیشن (وراثتی) سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیے جا سکے، جس کی وجہ سے وہ حکومت کی جانب سے اعلان کردہ مالی امداد، پلاٹس، نوکریوں اور دیگر سہولیات سے محروم بلکہ محروم ہیں۔ شہدا کے ورثا و لواحقین کی جانب سے سکسیشن سرٹیفکیٹ کی حصول کے لیے درخواستیں بمعہ ہزاروں کی فیس اور دیگر تمام کوائف جمع کرنے کے باوجود ورثا گزشتہ کئی مہینوں سے سکسیشن سرٹیفکیٹ کی وصولی کے لیے نادرا آفس کی چکر کاٹنے کے باوجود سکسیشن سرٹیفکیٹ کی وصولی سے محروم ہیں، نادرا آفس مستونگ کے عملے کی جانب سے درخواست گزاروں کی درخواستوں پہ معمولی اعتراضات کے ساتھ تاخیری حربے، انچارجز کی چادرلے، یوزر آئی ڈی کی بندش، انٹرنیٹ سلو، عملے کی غیر حاضری سمیت دیگر مختلف حیلے و بہانوں کی وجہ سے تاحال کوئی پیش رفت نہ ہو سکی ہے۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردی سمیت دیگر درجنوں واقعات کے ایسے متاثرین ہیں جن کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے معاوضوں کی رقوم و چیک آرڈر بھی ڈپٹی کمشنر مستونگ کو موصول ہوئی ہیں متاثرہ خاندانوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، ڈی جی ایم نادرا، وفاقی و صوبائی محتسب کمشنر قلات ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر مستونگ سے اپیل کی ہے کہ نادرا مستونگ آفس میں فوری اصلاحات لائی جائیں، اور بے حس و غیر ذمہ دار عملے کے خلاف کارروائی عمل میں لا کر شہدا کے ورثا کو عزت و احترام کے ساتھ ان کا قانونی حق فراہم کیا جائے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 MAY 2025 Page No. 20

# صوبوں کی طرف 161 ارب روپے کے بجلی واجبات این ایف سی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز، بلوچستان پر مالی بوجھ نہ بڑھایا جائے!

ملک کے چھوٹے صوبوں خاص کر بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کا بجٹ بہت کم ہے جبکہ دیگر صوبوں کو اپنے وسائل سے محاصل کے ساتھ بجٹ میں بھی ان کے لیے بڑی رقم ہوتی ہے۔ بلوچستان کا بجٹ بمشکل پنجاب کے چند اضلاع کے ترقیاتی بجٹ کے برابر ہے حالانکہ بلوچستان میں بڑے منصوبے چل رہے ہیں، سوئی گیس میں اچھا خاصا منافع ہو رہا ہے، سی پیک جیسے بڑے منصوبے کی وجہ سے چین بڑی سرمایہ کاری کر رہا ہے بلوچستان سے اربوں روپے کمائے جارہے ہیں مگر بلوچستان کو اس کا جائز حق نہیں دیا جاتا۔ اب صوبوں کی طرف 161 ارب روپے کے بجلی واجبات این ایف سی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز پر غور کیا جارہا ہے شاید دیگر صوبے اس مالی بوجھ کو برداشت کرسکیں مگر بلوچستان نہیں۔ گزشتہ روز سینیٹر محسن عزیز کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی پاور کے اجلاس میں صوبوں کی طرف بجلی واجبات قومی مالیاتی ایوارڈ سے کاٹنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ ایڈیشنل سیکریٹری پاورڈویژن نے کہا کہ سی سی آئی نے مالیاتی کمیشن سے صوبوں کے بجلی بقایاجات کٹوتی کی منظوری دی، وزارت خزانہ، پاورڈویژن نے صوبوں کے ساتھ اس کا طریقہ کار بنالیا ہے، اس مد میں صوبوں سے 161 ارب روپے کی وصولی کرنی ہے، صوبوں نے 31 مارچ تک 161 ارب روپے کے واجبات ادا کرنے ہیں۔ حکام پاورڈویژن نے کہا کہ سندھ نے 68 ارب روپے، پنجاب نے 42 ارب روپے ادا کرنے ہیں، بلوچستان نے 41 ارب روپے، خیبرپختونخوا نے 10 ارب روپے ادا کرنے ہیں، پنجاب کے علاوہ باقی صوبوں سے وصولی میں مشکلات ہیں، یہ گزشتہ تین سال کے واجبات ہیں، پنجاب کے علاوہ باقی صوبوں نے واجبات کی تصدیق کا عمل 2 سال سے روک رکھا ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے سوال کیا کہ جب صوبے واجبات کوری کنسائل نہیں کر رہے تو تسلیم کون کرے گا؟ جس کے جواب میں حکام پاورڈویژن نے کہا کہ یہ واجبات متعلقہ ڈسکوز کی طرف سے تسلیم شدہ ہیں۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ واجبات کی 25 فیصد ایٹ سورس کٹوتی کی اجازت مشترکہ مفادات کونسل نے دی ہے، باقی ری کنسائل واجبات کی بعد میں وصولی کی جاتی ہے، کٹوتی صرف ری کنسائل اکاؤنٹس سے ہی ہوسکتی ہے، ہم نے اس معاملے کو وزارت خزانہ کے ساتھ اٹھایا ہوا ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے پوچھا کہ بجلی ٹیرف میں 7 روپے 41 پیسے کمی کس طرح آتی ہے؟ جس کے جواب میں پاورڈویژن کے حکام نے کہا کہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں 2 روپے 37 پیسے فی یونٹ کمی ہوئی، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ ایک روپے 13 پیسے کمی ہوئی، پیٹرولیم لیوی سے 2 روپے 10 پیسے اور دیگر سے ایک روپے 81 پیسے کی کمی ہوئی۔ نیپرا کے چیئرمین وسیم مختار نے کہا کہ دوسری اور تیسری سہ ماہی میں کمی پاور پلانٹس سے معاہدے ختم کرنے کے باعث ہوئی، دیگر آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر نظرثانی سے بھی ٹیرف میں کمی ہوئی، یہ بچت مستقل بنیادوں پر ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کا ریلیف تو مستقل نہیں ہے، جس کے جواب میں چیئرمین نیپرا نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثر ہوا ہے، اس سال سردیوں میں برف نہیں پڑی اور ڈیموں میں پانی کم ہے، اپریل میں پن بجلی کی پیداوار میں کمی آئی ہے، اس وجہ سے اپریل میں ایک روپے 23 پیسے فیول ایڈجسٹمنٹ مثبت ہوگی۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ بجلی قیمت میں یہ کمی تو وزیراعظم کے بجلی ٹیرف میں کمی کے اعلان کے برعکس عارضی ہے، یہ ریلیف تو عارضی ریلیف ہے، جس پر چیئرمین نیپرا بولے کہ بجلی ٹیرف میں ایکسچینج ریٹ اور شرح سود میں معمولی تبدیلی بھی بڑا اثر ڈالتی ہے، یہ دونوں چیزیں حکومت، پاورڈویژن اور نیپرا کے کنٹرول میں نہیں ہوتیں، پن بجلی کی پیداوار میں کمی سے بجلی ٹیرف میں اثر پڑے گا۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کے تحت پیٹرولیم لیوی آئندہ سال بھی جاری رہے گی، آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات مکمل ہوچکے ہیں، اب اسی کی بنیاد پر بنیادی ٹیرف میں تبدیلی کی جائے گی، پاور ٹیرف پر سالانہ نظرثانی میں بجلی کی طلب اہم کردار ادا کرتی ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے سوال کیا کہ اب بجلی سرپلس ہے تو پیک آور آف پیک ٹیرف کیوں چلایا جارہا ہے؟ جس پر وفاقی وزیر نے جواب دیا کہ پیک آورز میں مہنگے پاور پلانٹس چلائے جاتے ہیں جس کے باعث ٹیرف بڑھ جاتا ہے، اوسط ٹیرف چلائیں تو انڈسٹری کیلئے ٹیرف بڑھ جائے گا۔ محسن عزیز نے کہا کہ کیپیسٹی چارجز کے ہوتے ہوئے پیک آورز نہیں ہونے چاہئیں، کیپیسٹی چارجز ادا کیے جارہے ہیں۔ اویس لغاری نے کہا کیپیسٹی چارجز اب بھی ادا کیے جارہے ہیں، ہم نے انڈسٹری کے ریٹ 31 فیصد کم کیے جس سے انڈسٹری چلی ہے۔ بہرحال گرمی اور سردی دونوں موسموں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اب بھی جاری ہے جبکہ گرمیوں میں لوڈشیڈنگ میں چند گھنٹوں کا مزید اضافہ کیا جاتا ہے۔ بلوچستان میں زراعت کا شعبہ بجلی کی لوڈشیڈنگ سے متاثر ہے اس لئے سولر سسٹم کا پلان لایا گیا مگر بلوچستان جیسے پسماندہ اور کم آمدن والے صوبے پر مالی بوجھ نہ ڈالا جائے بلکہ اسے مزید ریلیف دیا جائے۔ این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کو مکمل رقم کی فراہمی یقینی بنائی جائے، کٹوتی سے مالی امور متاثر ہوں گے جس کے اثرات صوبے کے ترقیاتی منصوبوں اور دیگر مالی اخراجات پر بھی پڑینگے لہذا بلوچستان کو زیادہ رقم دی جائے تاکہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر معاملات متاثر نہ ہوں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 MAY 2025 Page No. 24

# کور کمانڈرز کانفرنس کا اعلامیہ

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نشان امتیاز (ملٹری) کی زیر صدارت منعقد ہونے والی کور کمانڈرز کانفرنس نے بلوچستان اور خیبر پختون خوا میں متحرک ہندوستانی حمایت یافتہ دہشت گرد پراکسیوں کی سرکوبی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے کا اعادہ کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ مسلح افواج، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہم آہنگی کے ساتھ دہشت گرد پراکسیوں اور ان کے سہولت کاروں کا مقابلہ کریں گی، انتشار اور خوف کی فضا پیدا کرنے کے لیے بیرونی سرپرستی میں کام کرنے والے ملک دشمن عناصر کو قومی عزم اور مکمل استعداد کے ساتھ نیست و نابود کر دیا جائے گا۔

پاک افواج بلاشبہ پوری دنیا میں اپنی پیشہ ورانہ مہارت، دلیری اور شجاعت کے لیے مشہور ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جانوں کی جتنی قربانیاں پاک فوج دے رہی ہے، دنیا میں اس کی کوئی مثال نہیں ہے۔ چند روز پیشتر پاک فوج کے ہاتھوں میدان جنگ میں بدترین شکست کے بعد بھارت بزدلانہ حرکتوں پر اُتر آیا ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختون خوا میں اس کے حمایت یافتہ دہشت گرد متحرک ہو گئے ہیں۔ اسکولز کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت کی توہین ہے۔ اب شکست خوردہ بھارت پاکستان کو کشمیریوں کے حقوق کی حمایت کرنے سے باز رکھنے کے لیے پاکستان کے مختلف حصوں میں دہشت گردی کی کارروائیوں کو فروغ دے گا اور اِن کے لیے پاکستان کے اندر سے پاکستان دشمن عناصر کی سرپرستی کرے گا۔ ملک کے اندر دہشت گردوں کے سہولت کاروں اور حمایتیوں کا قلع قمع کرنے اور دہشت گرد جہاں بھی ہوں ان کے ہینڈلرز جہاں بھی ہیں ان کی سرکوبی اور خاتمہ کرنے سے ہی اس ناسور سے ملک کو چھٹکارا مل سکتا ہے۔

بھارت سی پیک کو تخریب کاری کا نشانہ بنا کر ایک طرف پاکستان کو چین کی مدد سے ترقیاتی عمل کو تیز کرنے سے محروم رکھنا چاہتا ہے اور دوسری طرف پاکستان اور بحیرہ عرب کے خطے میں چین کی موجودگی کو ختم کرنا چاہتا ہے، مگر پاکستان اور چین دونوں بھارت کے ان عزائم سے خوب واقف ہیں۔ پاکستان اور چین کے مشترکہ تعاون اور کوششوں سے سی پیک کا منصوبہ نہ صرف قائم ہے بلکہ پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل کرنے کے بعد اب دوسرے اور اہم مرحلے پر کام جاری ہے جس کے دوران میں پاکستان اور چین اسپیشل اکنامک زونز میں مشترکہ سرمایہ کاری کریں گے اور صنعت، زراعت، ٹیکنالوجی، تعلیم، سیاحت اور ماحولیات کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دیں گے، لیکن سی پیک کے تحت ان کامیابیوں پر بھارت کو سخت مایوسی کا سامنا کرنا پڑا ہے اور اسی وجہ سے پاکستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کی کارروائیوں سے اُسے خصوصی طور پر ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔ پاکستان اور چین مل کر بھارت کی ان کوششوں کو ناکام بنا دیں گے کیونکہ سی پیک پر حملہ صرف پاکستانی مفادات پر حملہ نہیں ہے بلکہ پاکستان اور چین کے درمیان قریبی تعاون اور اتحاد پر حملہ ہے۔ پاکستان کی طرف سے اب واضح کر دیا گیا ہے کہ اب کارروائیوں کو مزید جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی اور بھارت کو اِن کارروائیوں کے سنگین نتائج بھگتنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ اسی وجہ سے پاکستان نے بین الاقوامی برادری کو بھی آگاہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، کیونکہ بھارت نے ایک بھرپور اور منظم پروپیگنڈے کے ذریعے اپنا مکروہ چہرہ دنیا سے چھپایا ہوا ہے۔

دوسری جانب دہشت گردوں نے جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں کو اپنا ہدف بنا لیا ہے اور وہ انٹرنیٹ کے ذریعے ان تک رسائی کر کے انھیں گمراہ کرتے، اپنے مقاصد کے لیے استعمال کرتے اور راستے سے بھٹکاتے ہیں۔ بعض اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ گمراہی کے اس راستے پر چل پڑے ہیں اور نوجوان نسل کو بچانے کے لیے صوبائی حکومتوں کو کالجوں اور یونیورسٹیوں کی انتظامیہ کے ساتھ مل کر مربوط حکمتِ عملی بنانا ہوگی۔ ایسے محسوس ہوتا ہے کہ گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ دہشت گرد اپنی حکمت عملی تبدیل کرتے رہتے ہیں، شروع شروع میں انھوں نے مدارس کے غریب طلباء کو اپنا ہدف بنایا، خاص طور پر ان مدارس میں طلباء پر توجہ دی گئی جو غریب علاقوں میں واقع ہیں اور بہت سے والدین اپنے بچوں کو اِن مدارس میں اِس لیے داخل کرا دیتے ہیں کہ انھیں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ روٹی اور کپڑے کی سہولت بھی مفت حاصل ہو جائے گی، ایسے غریب طلباء کو معمولی رقم کا لالچ دے کر گمراہ کیا جا سکتا ہے، اِس لیے ان پر توجہ مرکوز رکھی گئی جب یہ بات واضح ہو گئی کہ چند ایک مدارس کے بعض طلباء دہشت گردی میں ملوث ہیں تو سیکیورٹی حکام نے تفتیش کا سلسلہ وسیع کر دیا اور بعض ایسے مدرسے بھی چھاپوں کی زد میں آ گئے جن کا کوئی تعلق دہشت گردی سے ثابت نہ ہوا۔ دہشت گردوں نے جب یہ محسوس کیا کہ وہ اپنے حلیے کی وجہ سے جلد ہی نگاہوں میں آ جاتے ہیں تو انھوں نے اپنی حکمتِ عملی تبدیل کر لی اور کلین شیو دہشت گرد بھی سامنے آنے لگے۔ اب آگے بڑھ کر یونیورسٹیوں اور کالجوں کے جدید تعلیم یافتہ لوگوں کو دہشت گردی کے نیٹ ورک میں شامل کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔

پوری وادی کشمیر کو ایک وسیع جیل میں تبدیل کر کے بھارت کشمیری عوام کو مظالم سے دوچار کر رہا ہے۔ بھارت کی ان کارروائیوں، جو کہ نہ صرف بنیادی انسانی اقدار کے خلاف ہیں بلکہ مروجہ بین الاقوامی قوانین اور ضابطوں کی کھلی خلاف ورزیاں ہیں، کو پاکستان نے بین الاقوامی برادری کے نوٹس میں لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان نے اُسے دنیا کے تمام اہم حلقوں جن میں اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل اراکین، اقوامِ متحدہ کے سیکریٹری جنرل، او آئی سی اور بڑی طاقتوں کے دارالحکومت اور انسانی حقوق کی علم بردار تنظیموں کے صدر دفاتر شامل ہیں، کو بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے، کیونکہ یہ کارروائیاں پاکستان کی داخلی خودمختاری، آزادی اور سلامتی کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ اس کا ایک اہم پہلو جس کی طرف پاکستان بار بار دنیا کی توجہ مبذول کروا رہا ہے کہ ان کارروائیوں سے نہ صرف پاکستان اور بھارت کے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں بلکہ جنوبی ایشیائی خطے کا امن بھی خطرے میں پڑ سکتا ہے اور چونکہ پاکستان اور بھارت دونوں جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں، ان کے درمیان روایتی تصادم ایک ایٹمی جنگ میں تبدیل ہو کر پوری دنیا کے امن کو خاکستر کر سکتا ہے۔

بھارت پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث تنظیموں پر مشتمل ایک کنسورشیم (Consortium) تشکیل دے چکا ہے اور جن تنظیموں کو اس مقصد کے لیے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا جا رہا ہے، ڈوزیئر کے مطابق اُن میں ٹی ٹی پی، بی ایل اے کے علاوہ بلوچستان لبریشن فرنٹ (بی ایل ایف) اور بلوچستان ری پبلکن آرمی اور دو انتہا پسند مذہبی گروہ، جماعت الاحرار اور حزب الاحرار بھی شامل ہیں۔ بھارت کی جانب سے دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی پاکستان کے لیے نہیں بلکہ جنوبی ایشیا اور دنیا کے لیے انتہائی تشویش ناک خبر ہے کیونکہ القاعدہ کے زوال کے بعد اور افغانستان کی موجودہ غیر یقینی صورت حال میں ''داعش'' القاعدہ اور طالبان کی جگہ لے لے گی اور اس کی کارروائیاں جنوبی ایشیا تک محدود نہیں رہیں گی، بلکہ وسطی ایشیا، مشرقِ وسطیٰ اور افریقہ تک پھیل سکتی ہیں۔ بھارت صرف بلوچستان ہی نہیں بلکہ خیبر پختونخوا اور سابقہ قبائلی علاقوں میں بھی تخریب کار گروپوں کی پشت پناہی کر رہا ہے۔ کچھ گرفتار دہشت گردوں نے تفتیش کے دوران اس بات کا انکشاف کیا کہ انھیں بھارت سے تربیت اور فنڈنگ ملی۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ بھارت افغانستان میں اپنے قونصل خانوں کے ذریعے پاکستان کے خلاف دہشت گردوں کو سہولت فراہم کرتا رہا ہے، خاص طور پر ان سالوں میں جب افغانستان میں بھارت کا اثر و رسوخ زیادہ تھا۔ بھارت نے کشمیر میں اپنے جرائم پر پردہ ڈالنے اور دُنیا کو گمراہ کرنے کے لیے جعلی دہشت گردی کی کارروائیوں کا ڈرامہ پہلگام رچایا تھا لیکن پاکستان پوری طرح چوکنا تھا اور جعلی کارروائی کی آڑ میں بھارت کو پاکستان کی علاقائی سلامتی کی خلاف ورزی کرنے پر پہلے کی طرح منہ کی کھانا پڑی ہے۔ بین الاقوامی برادری اس معاملے میں محتاط رویہ اختیار کرتی رہی ہے۔ اقوام متحدہ سمیت دیگر عالمی تنظیمیں دونوں ممالک سے بارہا یہ کہہ چکی ہیں کہ وہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ حکمت عملی اپنائیں اور باہمی الزامات سے گریز کریں۔ تاہم حقیقت یہ ہے کہ جب تک دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کی فضا قائم نہیں ہوتی، اس طرح کے الزامات اور جوابی الزامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔ دنیا کے لیے یہ ایک خطرناک صورت حال ہے کیونکہ دونوں ممالک جوہری طاقتیں ہیں اور کسی بھی تنازع کا سنگین عالمی اثر ہو سکتا ہے۔ خطے کے امن کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان اور بھارت سنجیدگی سے مذاکرات کا آغاز کریں۔ واقعی بھارت پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے تو اسے کھلے دل سے ان الزامات کی تفتیش کرنی چاہیے امن کے حصول کے لیے صرف الزامات اور بیانات کافی نہیں بلکہ ٹھوس شواہد، سنجیدہ مکالمہ اور باہمی احترام ضروری ہے۔ جب تک دونوں ممالک اپنی پالیسیوں میں بنیادی تبدیلی نہیں لائیں گے، تب تک خطے میں پائیدار امن کا قیام ایک خواب ہی رہے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 MAY 2025 Page No. 22


# Youth friendly budget

Balochistan is unfortunately synonymous with a distressing reality. Rampant unemployment, particularly among its educated youth. This persistent challenge is not merely an economic indicator; it is a societal blight that fuels frustration, exacerbates existing grievances, and ultimately impedes the province's potential for progress and stability. As the provincial government prepares its upcoming budget, it is absolutely essential that the needs and aspirations of Balochistan's graduated youth take center stage, receiving unprecedented focus and concrete allocation of resources. While other provinces, despite their own economic challenges, benefit from a more diversified industrial base, Balochistan remains largely underdeveloped in this crucial sector. The severe dearth of industries means a significant lack of formal employment opportunities, leaving a vast pool of qualified, energetic young people with degrees in hand but no avenues for their skills and ambitions. A vibrant, engaged, and employed youth is the greatest asset any society can possess; conversely, a frustrated and idle youth can become a significant vulnerability. Therefore, the upcoming Balochistan budget must be more than just an accounting exercise; it must be a strategic blueprint for youth empowerment and economic revitalization. Here are critical areas where the government must invest: Firstly, targeted employment schemes for graduates are paramount. This could involve direct recruitment drives into government departments, structured internship programs within both public and private sectors (where they exist), and incentives for businesses to hire fresh graduates. Balochistan's vast geographical expanse and strategic location, particularly with the opportunities presented by the China-Pakistan Economic Corridor (CPEC), offer immense potential for trade and commerce. The government needs to invest in infrastructure development – roads, electricity, and communication networks – that are critical for attracting investment and facilitating trade. Dedicated youth entrepreneurship funds and mentorship programs should be established. Many young Balochistanis possess innovative ideas but lack the capital and guidance to transform them into viable businesses. Providing seed funding, business development support, and connecting aspiring entrepreneurs with experienced mentors can unlock their potential and create job creators rather than just job seekers. The challenges are immense, but so is the potential of Balochistan's youth. The upcoming budget presents a golden opportunity for the Balochistan government to demonstrate its commitment to the province's future.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 MAY 2025 Page No 23

# پٹ فیڈر کینال کے ڈی سلٹنگ منصوبے کی تکمیل، شکریہ میر صادق عمرانی!!



تحریر: عبدالرزاق ہنگوئی

بلوچستان کے گرین بیلٹ نصیرآباد سے تعلق رکھنے والے کہنہ مشق سینئر و بزرگ سیاست دان سینئر صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کی ذاتی دلچسپی محنت و ایمانداری، زمینداروں، کسانوں، علاقے سے محبت اور ترقی و خوشحالی کے لئے مسلسل نگرانی اور انتھک کوششوں کے نتیجے میں 2 ماہ کی کم اور مختصر وقت میں پٹ فیڈر کینال کی ڈی سلٹنگ (بھل صفائی) کا بہترین منصوبہ کامیابی سے مکمل کرلیا گیا ہے۔ گزشتہ 10 سالوں میں پٹ فیڈر کینال پر اربوں روپے بھل صفائی و ڈی سلٹنگ پر خرچ ہونے کے باوجود، نصیرآباد کے کسان اور زمیندار سالوں، سال، علاقے کے زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم، اور کمی کے خلاف سراپا احتجاج رہے روڈوں پر ہڑتالیں اور دھرنے دیئے جاتے تھے لیکن موجودہ صوبائی حکومت نے اس حوالے سے تاریخی کام کیا میر محمد صادق عمرانی کے وزیر اریگیشن کا قلمدان سنبھالنے پر نصیرآباد کے عوام نے سکھ کا سانس لیا اور خاص کر کسانوں اور زمینداروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے اپنے وعدوں کے مطابق سب سے پہلے زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنا کر ٹیل تک پانی کی ترسیل کو آسان بنایا اور اسی دوران، خریف اور ربیع سیزن میں نہ کوئی ہڑتال ہوا نہ کوئی روڈ بلاک ہوا نہ کسی نے قرآن پاک اٹھا کر احتجاج کیا۔ یہ وہی پٹ فیڈر کینال ہے صرف عوامی نمائندہ تبدیل ہوا اگر نمائندہ اپنے عوام اور علاقے سے مخلص ہو تو علاقائی ترقی و خوشحالی کو کوئی نہیں روک سکتا بھل و صفائی کے اس عمل میں نہ صرف اعلیٰ معیار اور کام کی کوالٹی کو یقینی بنایا گیا بلکہ



مکمل شفافیت، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ کارکردگی کا بھی بھرپور مظاہرہ دیکھنے میں آیا پٹ فیڈر کینال علاقے کی زرعی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی رکھنے کے ساتھ ملکی معیشت میں مثبت کردار ادا کرتا ہے اس کی بروقت صفائی سے نہ صرف پانی کی روانی میں واضح بہتری آنے کے ساتھ ساتھ ٹیل تک پانی کی ترسیل میں آسانی آئے گی بلکہ اس سے زرعی پیداوار میں بھی نمایاں اضافہ ممکن ہوگا، پٹ فیڈر کینال کی بھل وصفائی سے نصیرآباد کے عوام سمیت کسانوں اور زمینداروں کے چہروں پر خوشی اور اطمینان صاف جھلک رہا ہے۔ انجینئر ناصر مجید سپرنٹنڈنٹ انجینئر اریگیشن سرکل ڈیرہ مراد جمالی غلام سرور ہنگورزئی ایکسیئن پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل، ایس ڈی اوز ممتاز سومرو امان اللہ گاجانی سمیت دیگر انجینئرز و فیلڈ افسران نے نہایت ذمے داری محنت دیانتداری اور پیشہ ورانہ لگن سے کام کیا۔ یہ منصوبہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ جب قیادت مخلص ہو اور انتظامیہ متحرک، تو کسی بھی بڑے کام کو بخوبی انجام دیا جا سکتا ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے ایک مرتبہ پھر ثابت کیا ہے کہ وہ عوام دوست رہنماء ہیں۔ شکریہ میر صادق عمرانی۔ امید ہے کہ آپ عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود کا یہ سلسلہ جاری رکھیں گے۔!!

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 24 MAY 2025 Page No.________



کوئٹہ وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سے سینیٹر منظور کاکڑ اور صوبائی وزیر سلیم کھوسہ ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر کوہیارڈومکی سے ضلع سبی اور لہڑی کا وفد ملاقات کررہا ہے



کوئٹہ صوبائی وزیر سلیم کھوسہ سے
سینیٹر منظور کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی سے (صفا) کے ایکار کوئٹہ میں صفائی کے حوالے سے ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ سیوریج کے پانی سے زیر کاشت مضر صحت سبزیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 24 MAY 2025 Page No. ______



کوئٹہ' صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان ٹی وی چینلز کے بیورو چیف سے ملاقات کر رہے ہیں' ڈی جی پی آر محمد نور کھیتران بھی موجود ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی سیکریٹری اطلاعات عمران خان الیکٹرانک میڈیا پر ترقیاتی منصوبوں کی پبلسٹی کے حوالے سے ٹی وی چینلز کے بیورو چیفس سے ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.

Dated: 24 MAY 2025 Page No.

صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان الیکٹرانک میڈیا پر ترقیاتی منصوبوں کی پبلسٹی کے حوالے سے ٹی وی چینلو کے بیورو چیفس سے ملاقات کر رہے ہیں، ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران بھی موجود ہیں